रक्षपाल द्वि

प्रश्न-पुस्तिका संख्या व बारकोड/
**Question Booklet No. & Barcode**

**301449**

**ALP-23**

इस प्रश्न-पुस्तिका को तब तक न खोलें जब तक कहा न जाए। **Do not open this Question Booklet until you are asked to do so.**

पुस्तिका में पृष्ठों की संख्या : **24**
Number of Pages in Booklet : **24**
पुस्तिका में प्रश्नों की संख्या : **150**
No. of Questions in Booklet : **150**

**Paper Code : 58**

# Sub : Urdu-II
## Paper-II

**समय : 03 घण्टे + 10 मिनट अतिरिक्त***
**Time : 03 Hours + 10 Minutes Extra***

**अधिकतम अंक : 75**
**Maximum Marks : 75**

प्रश्न-पुस्तिका के पेपर की सील/पॉलिथीन बैग को खोलने पर प्रश्न-पत्र हल करने से पूर्व परीक्षार्थी यह सुनिश्चित कर लें कि :
- प्रश्न-पुस्तिका संख्या तथा ओ.एम.आर. उत्तर-पत्रक पर अंकित बारकोड संख्या समान है।
- प्रश्न-पुस्तिका एवं ओ.एम.आर. उत्तर-पत्रक के सभी पृष्ठ व सभी प्रश्न सही मुद्रित हैं। समस्त प्रश्न, जैसा कि ऊपर वर्णित है, उपलब्ध हैं तथा कोई भी पृष्ठ कम नहीं है/ मुद्रण त्रुटि नहीं है।

किसी भी प्रकार की विसंगति या दोषपूर्ण होने पर परीक्षार्थी वीक्षक से दूसरा प्रश्न-पत्र प्राप्त कर लें। यह सुनिश्चित करने की जिम्मेदारी स्वयं अभ्यर्थी की होगी। परीक्षा प्रारम्भ होने के 5 मिनट पश्चात् ऐसे किसी दावे/आपत्ति पर कोई विचार नहीं किया जायेगा।

**On opening the paper seal/polythene bag of the Question Booklet before attempting the question paper, the candidate should ensure that :**
- **Question Booklet Number and Barcode Number of OMR Answer Sheet are same.**
- **All pages & Questions of Question Booklet and OMR Answer Sheet are properly printed. All questions as mentioned above are available and no page is missing/misprinted.**

**If there is any discrepancy/defect, candidate must obtain another Question Booklet from Invigilator. Candidate himself shall be responsible for ensuring this. No claim/objection in this regard will be entertained after five minutes of start of examination.**

## परीक्षार्थियों के लिए निर्देश

1. **प्रत्येक प्रश्न के लिये एक विकल्प भरना अनिवार्य है।**
2. **सभी** प्रश्नों के अंक समान हैं।
3. प्रत्येक प्रश्न का मात्र **एक** ही उत्तर दीजिए। एक से अधिक उत्तर देने की दशा में प्रश्न के उत्तर को गलत माना जाएगा।
4. **OMR** उत्तर-पत्रक इस प्रश्न-पुस्तिका के अन्दर रखा है। जब आपको प्रश्न-पुस्तिका खोलने को कहा जाए, तो उत्तर-पत्रक निकाल कर ध्यान से केवल **नीले बॉल पॉइंट पेन** से विवरण भरें।
5. कृपया अपना रोल नम्बर ओ.एम.आर. उत्तर-पत्रक पर सावधानीपूर्वक सही भरें। गलत रोल नम्बर भरने पर परीक्षार्थी स्वयं उत्तरदायी होगा।
6. **प्रत्येक गलत उत्तर के लिए प्रश्न अंक का 1/3 भाग काटा जायेगा।** गलत उत्तर से तात्पर्य अशुद्ध उत्तर अथवा किसी भी प्रश्न के एक से अधिक उत्तर से है।
7. **प्रत्येक प्रश्न के पाँच विकल्प दिये गये हैं, जिन्हें क्रमशः 1, 2, 3, 4, 5 अंकित किया गया है। अभ्यर्थी को सही उत्तर निर्दिष्ट करते हुए उनमें से केवल एक गोले (बबल) को उत्तर-पत्रक पर नीले बॉल पॉइंट पेन से गहरा करना है।**
8. **यदि आप प्रश्न का उत्तर नहीं देना चाहते हैं तो उत्तर-पत्रक में पाँचवें (5) विकल्प को गहरा करें। यदि पाँच में से कोई भी गोला गहरा नहीं किया जाता है, तो ऐसे प्रश्न के लिये प्रश्न अंक का 1/3 भाग काटा जायेगा।**

9.* **प्रश्न-पत्र हल करने के उपरांत अभ्यर्थी अनिवार्य रूप से ओ.एम.आर. उत्तर-पत्रक जाँच लें कि समस्त प्रश्नों के लिये एक विकल्प (गोला) भर दिया गया है। इसके लिये ही निर्धारित समय से 10 मिनट का अतिरिक्त समय दिया गया है।**

10. **यदि अभ्यर्थी 10% से अधिक प्रश्नों में पाँच विकल्पों में से कोई भी विकल्प अंकित नहीं करता है, तो उसको अयोग्य माना जायेगा।**
11. मोबाइल फोन अथवा अन्य किसी इलेक्ट्रोनिक यंत्र का परीक्षा हॉल में प्रयोग पूर्णतया वर्जित है। यदि किसी अभ्यर्थी के पास ऐसी कोई वर्जित सामग्री मिलती है तो उसके विरुद्ध आयोग द्वारा नियमानुसार कार्यवाही की जायेगी।

**चेतावनी :** अगर कोई अभ्यर्थी नकल करते पकड़ा जाता है या उसके पास से कोई अनधिकृत सामग्री पाई जाती है, तो उस अभ्यर्थी के विरुद्ध पुलिस में प्राथमिकी दर्ज कराते हुए **राजस्थान सार्वजनिक परीक्षा (भर्ती में अनुचित साधनों की रोकथाम अध्युपाय) अधिनियम, 2022 तथा अन्य प्रभावी कानून एवं आयोग के नियमों-प्रावधानों** के तहत कार्यवाही की जाएगी। साथ ही आयोग ऐसे अभ्यर्थी को भविष्य में होने वाली आयोग की समस्त परीक्षाओं से विवर्जित कर सकता है।

## INSTRUCTIONS FOR CANDIDATES

1. **It is mandatory to fill one option for each question.**
2. **All** questions carry equal marks.
3. Only **one** answer is to be given for each question. If more than one answers are marked, it would be treated as wrong answer.
4. The **OMR** Answer Sheet is inside this Question Booklet. When you are directed to open the Question Booklet, take out the Answer Sheet and fill in the particulars carefully with **Blue Ball Point Pen** only.
5. Please correctly fill your Roll Number in **OMR** Answer Sheet. Candidate will themself be responsible for filling wrong Roll No.
6. **1/3 part of the mark(s) of each question will be deducted for each wrong answer.** A wrong answer means an incorrect answer or more than one answers for any question.
7. **Each question has five options marked as 1, 2, 3, 4, 5. You have to darken only one circle (bubble) indicating the correct answer on the Answer Sheet using BLUE BALL POINT PEN.**
8. **If you are not attempting a question then you have to darken the circle '5'. If none of the five circles is darkened, one third (1/3) part of the marks of question shall be deducted.**

9.* **After solving question paper, candidate must ascertain that he/she has darkened one of the circles (bubbles) for each of the questions. Extra time of 10 minutes beyond scheduled time, is provided for this.**

10. **A candidate who has not darkened any of the five circles in more than 10% questions, shall be disqualified.**
11. Mobile Phone or any other electronic gadget in the examination hall is strictly prohibited. A candidate found with any of such objectionable material with him/her will be strictly dealt as per rules.

**Warning :** If a candidate is found copying or if any unauthorized material is found in his/her possession, F.I.R. would be lodged against him/her in the Police Station and he/she would liable to be prosecuted under **Rajasthan Public Examination (Measures for Prevention of Unfair Means in Recruitment) Act, 2022 & any other laws applicable and Commission's Rules-Regulations.** Commission may also debar him/her permanently from all future examinations.

उत्तर-पत्रक में दो प्रतियाँ हैं – मूल प्रति और कार्बन प्रति। परीक्षा समाप्ति पर परीक्षा कक्ष छोड़ने से पूर्व परीक्षार्थी उत्तर-पत्रक की दोनों प्रतियाँ वीक्षक को सौंपेंगे, परीक्षार्थी स्वयं कार्बन प्रति अलग नहीं करें। वीक्षक उत्तर-पत्रक की मूल प्रति को अपने पास जमा कर, कार्बन प्रति को मूल प्रति से कट लाइन से मोड़ कर सावधानीपूर्वक अलग कर परीक्षार्थी को सौंपेंगे, जिसे परीक्षार्थी अपने साथ ले जायेंगे। परीक्षार्थी को उत्तर-पत्रक की कार्बन प्रति चयन प्रक्रिया पूर्ण होने तक सुरक्षित रखनी होगी एवं आयोग द्वारा माँगे जाने पर प्रस्तुत करनी होगी।

1. 'فریادِ زندانی' ذیل میں سے کس شاعر کی تخلیق ہے؟

(1) مرزا اسد اللہ خاں غالبؔ

(2) صدرالدین خاں آزردہؔ

(3) محمد علی تشنہؔ

(4) منیرؔ شکوہ آبادی

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

2. "کیوں صاحب روٹھے ہی رہو گے یا کبھی منو گے بھی"

غالبؔ نے اپنے خط میں کسے مخاطب کرتے ہوئے یہ لکھا؟

(1) مرزا ہر گوپال تفتہؔ

(2) میر مہدی

(3) علاء الدین احمد خاں

(4) انوار الدولہ بہادر شفقؔ

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

3. نیرنگ خیال کے مضمون "سچ اور جھوٹ کا رزم نامہ" میں جھوٹ کا کیا نام ہے؟

(1) ملکہ صداقت زمانی

(2) شاہزادہ صداقت

(3) دروغ دیو زاد

(4) سلطانِ آسمانی

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

4. "یادگار غالب" کا پہلا ایڈیشن کب اور کہاں سے شائع ہوا؟

(1) 1896ء علی گڑھ

(2) 1895ء لاہور

(3) 1897ء کانپور

(4) 1896ء لاہور

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

5. اردو کا پہلا ڈرامہ کون سا ہے؟

(1) سلور کنگ (2) اندر سبھا

(3) سفید خون (4) انار کلی

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

6. نہال چند لاہوری نے عزت اللہ بنگالی کی فارسی تصنیف قصۂ گل بکاؤلی کو کس نام سے اردو کا جامہ پہنایا؟

(1) گل بکاؤلی اردو

(2) تاج الملوک اور بکاؤلی

(3) قصۂ عشق

(4) مذہبِ عشق

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

7. "اسکول ماسٹر کا خواب" کس کا مضمون ہے؟

(1) رشید احمد صدیقی

(2) مشتاق احمد یوسفی

(3) خواجہ حسن نظامی

(4) کنہیا لال کپور

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

301449 301449 301449

8. "ادب اور انقلاب" کس ترقی پسند مصنف کی کتاب ہے؟

(1) اختر حسین رائے پوری

(2) مجنوں گورکھپوری

(3) احتشام حسین

(4) کلیم الدین احمد

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

9. افسانے کے بارے میں کون سا بیان صحیح ہے؟

(1) یہ داستان کی طرح طویل ہوتا ہے۔

(2) یہ ناول سے زیادہ طویل ہوتا ہے۔

(3) اِس میں زندگی کے کسی ایک رخ سے اور کردار کے کسی ایک پہلو سے سروکار رہتا ہے۔

(4) اِس میں پوری زندگی کو پیش کیا جاتا ہے۔

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

10. مولانا ابوالکلام آزاد کی اہلیہ کا نام کیا ہے؟

(1) زہرہ بیگم

(2) فریدہ بیگم

(3) زلیخا بیگم

(4) سکینہ بیگم

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

11. ذیل میں مختلف داستانیں اور انکے سامنے انکے داستان نگاروں کے نام تحریر ہیں:

| داستان | داستان نگار |
|---|---|
| (A) داستان امیر حمزہ | (1) شاہ حسین حقیقت |
| (B) قصہ مہر افروز و دلبر | (2) خلیل علی خاں اشک |
| (C) جذب عشق | (3) مہر چند کھتری |
| (D) قصہ ملک محمد گیتی افروز | (4) عیسوی خاں بہادر |

داستانوں سے انکے مقابل دیے گئے داستان نگاروں کی صحیح ترتیب ہے:

(1) A-1, B-4, C-3, D-2

(2) A-4, B-3, C-2, D-1

(3) A-3, B-2, C-1, D-4

(4) A-2, B-4, C-1, D-3

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

12. یادگارِ غالب کے مطابق غالب کے والدین کی وفات کے بعد غالب کی پرورش کس نے کی؟

(1) نصراللہ بیگ

(2) یوسف خاں

(3) خواجہ غلام حسین خاں

(4) ترنم خاں

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

301449 301449 301449

13. مہدی افادی کا اصل نام کیا ہے؟

(1) شیخ مہدی عباس

(2) شیخ مہدی علی

(3) شیخ مہدی حسن

(4) شیخ مہدی حسین

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

14. ''جنازے'' کس کا ڈراما ہے؟

(1) راجندر سنگھ بیدی

(2) احسن لکھنوی

(3) آغا حشر کاشمیری

(4) سعادت حسن منٹو

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

15. دیکھ زنداں سے پرے رنگِ چمن، جوشِ بہار
رقص کرنا ہے تو پھر پاؤں کی زنجیر نہ دیکھ

مندرجہ بالا شعر کس ترقی پسند شاعر کا ہے؟

(1) اسرار الحق مجازؔ

(2) مجروحؔ سلطان پوری

(3) مخدومؔ محی الدین

(4) وامق جونپوری

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

16. ''گؤدان'' میں ہوری کی بیوی کا کیا نام تھا؟

(1) جھنیا (2) دھنیا

(3) مالتی (4) روپا

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

17. جنگ آزادی کے موضوع پر لکھی گئی جوشؔ کی نظم ہے:

(1) البیلی صبح

(2) گرمی اور دیہاتی بازار

(3) ایسٹ انڈیا کمپنی کے فرزندوں سے

(4) انتظار کے دن

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

18. کمل کانت، پنڈت رام دیال اور کریم اللہ کس ڈرامے کے کردار ہیں؟

(1) آنکھ کا نشہ (2) دروازے کھول دو

(3) اندر سبھا (4) پردۂ غفلت

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

19. ''سی پارۂ دل'' کے انشائیہ نگار کون ہیں؟

(1) خواجہ حسن نظامی

(2) فرحت اللہ بیگ

(3) سجاد حیدر یلدرم

(4) کنہیا لال کپور

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

301449

20. 'یادگارِ غالب' کے مطابق ابتدا میں غالب کے کتنے بچے پیدا ہوئے؟

(1) پانچ

(2) سات

(3) آٹھ

(4) تین

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

21. "سوگندھی تجھ سے زمانے نے اچھا سلوک نہیں کیا"

یہ منٹو کے کس افسانے کا مکالمہ ہے؟

(1) بو

(2) ٹھنڈا گوشت

(3) ہتک

(4) سڑک کنارے

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

22. "دہلی کا یادگار مشاعرہ" خاکہ کس نے لکھا؟

(1) رشید احمد صدّیقی

(2) پطرس بخاری

(3) مُلّا رموزی

(4) فرحت اللہ بیگ

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

23. 'چوٹیں'، 'چھوئی موئی' کس افسانہ نگار کے افسانوی مجموعے ہیں؟

(1) راجندر سنگھ بیدی

(2) قرۃ العین حیدر

(3) عصمت چغتائی

(4) شکیلہ اختر

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

24. ناول اطالوی زبان کے کس لفظ سے نکلا ہے؟

(1) ناولٹ سے (2) ناویلا سے

(3) رومانس سے (4) نیوال سے

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

25. سر سیّد کی "آثار الصنادید" کس نوعیّت کی کتاب ہے؟

(1) لسانیاتی (2) جمالیاتی

(3) تاریخی (4) تنقیدی

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

26. پریم چند کی کہانیوں کے پہلے مجموعے کا نام ہے

(1) زادِ راہ

(2) سوزِ وطن

(3) خاکِ پروانہ

(4) آخری تحفہ

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

301449

27. ''آزاد'' اور ''خوجی'' کس ناول کے کردار ہیں؟

(1) فسانۂ عجائب

(2) فسانۂ آزاد

(3) میدانِ عمل

(4) شریف زادہ

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

28. مشتاق احمد یوسفی نے ''آبِ گُم'' میں شامل مضمون ''چارپائی'' میں معاشرے میں پھیلی کس برائی پر طنز کیا ہے؟

(1) غیبت و عیب جوئی

(2) فحاشیت و عریانیت

(3) فرقہ پرستی

(4) بحث و تکرار

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

29. مولانا ابوالکلام آزاد کی سحر خیزی کی عادت کس کی رہینِ منت ہے؟

(1) ان کی والدہ کی

(2) ان کے والد کی

(3) ان کے بھائی کی

(4) ان کے استاد کی

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

30. دہلی سے ''سیدالاخبار'' 1857ء میں ہفتہ وار جاری ہوا، اس کے مہتمم اور ایڈیٹر تھے

(1) شیخ خدا بخش

(2) میر حیدر علی

(3) مصطفٰی خان

(4) محمد جعفر

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

31. سر سیّد نے ''اخبار انسٹی ٹیوٹ گزٹ'' کہاں سے شائع کیا تھا؟

(1) مراد آباد

(2) غازی پور

(3) علی گڑھ

(4) لکھنؤ

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

32. 'نیرنگِ خیال' میں شامل محمد حسین آزاد کا مضمون 'سچ اور جھوٹ کا رزم نامہ' میں ملکۂ صداقت زمانی کے والد کا کیا نام ہے؟

(1) سلطان آسمانی

(2) سلطانِ خراسانی

(3) سلطان ایرانی

(4) سلطانِ ارضی

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

301449 301449 301449

33. 'حیاتِ شبلی' کے مصنف کون ہیں؟

(1) الطاف حسین حالؔی

(2) ڈپٹی نذیر احمد

(3) مولانا شبلی نعمانی

(4) سید سلیمان ندوی

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

34. رشید احمد صدیقی کا انشائیہ کونسا ہے؟

(1) مغالطہ

(2) سنیما کا عشق

(3) غنودگی

(4) جھینگر کا جنازہ

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

35. شبلؔی کی ''سیرت النبی'' کا سن تصنیف کیا ہے؟

(1) 1908ء (2) 1909ء

(3) 1910ء (4) 1911ء

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

36. رسالہ ''الہلال'' کس سَن میں جاری کیا گیا؟

(1) 1912ء (2) 1914ء

(3) 1918ء (4) 1916ء

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

37. اے صورِ حبِّ قومی اس خواب سے جگا دے

بھولا ہوا افسانہ کانوں کو پھر سنا دے

یہ شعر برج نارائن چکبستؔ کی کس نظم کا ہے؟

(1) فریادِ قوم

(2) کرزن سے جھپٹ

(3) خاکِ ہند

(4) وطن کا راگ

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

38. ''انسان کسی حال میں خوش نہیں رہتا'' مضمون ہے

(1) حالؔی کا

(2) سر سیّد کا

(3) محمد حسین آزاد کا

(4) شبلؔی کا

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

39. مہدی افادی نے اردو لٹریچر کے عناصر خمسہ میں فطری شاعر کسے کہا ہے؟

(1) محمد حسین آزاد

(2) حالؔی

(3) سر سیّد

(4) نذیر احمد

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

301449 301449 301449

40. خطوں کا مجموعہ "غبارِ خاطر" کب شائع ہوئی؟

(1) 1943ء (2) 1944ء

(3) 1945ء (4) 1946ء

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

41. مہدی افادی نے اپنے مضمون 'تمدن عرب پر ایک کھلی چٹھی' میں تمدن عرب کتاب سے متعلق چٹھی کسے لکھی ہے؟

(1) سید علی بلگرامی

(2) ریاض

(3) سید ناصر علی

(4) مولوی عبدالحق

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

42. "وہ تحریر جس میں کسی اہم یا غیر اہم واقعے، کسی خیال، کسی جذبے یا محض کسی لحاتی کیفیت کو پُر لطف انداز میں پیش کر دیا گیا ہو، ترتیب، تنظیم سنجیدگی، غور و فکر وہ چیزیں ہیں جن کی یہ صنف متحمل نہیں ہو سکتی۔ ہلکا پھلکا خیال اور شگفتہ و ظرافت آمیز اظہار ہی اسے زیب دیتا ہے۔" یہ تعریف کس صنف پر صادق آتی ہے؟

(1) خاکہ (2) انشائیہ

(3) سوانح (4) مقالہ

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

43. 'لاہور کا جغرافیہ' مضمون کس نے لکھا ہے؟

(1) مرزا فرحت اللہ بیگ

(2) پطرس بخاری

(3) عبدالحلیم شرر

(4) مُلّا رموزی

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

44. محمد حسین آزاد کی نظم ہے

(1) صبحِ اُمید (2) مدو جزر اسلام

(3) کورانہ انگریز پرستی (4) نیا شوالہ

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

45. 'سفر نامہ مسافرانِ لندن' کس کا سفر نامہ ہے؟

(1) سر سید احمد خاں (2) محمد حسین آزاد

(3) علامہ شبلی نعمانی (4) یوسف کمبل پوش

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

46. "طنزیات" و "مضحکات" کس کی تصنیف ہے؟

(1) احتشام حسین

(2) محمد حسن

(3) مولوی عبدالحق

(4) رشید احمد صدیقی

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

301449

47. ''اے بیرن! تو میری آنکھوں کی پتلی اور ماں باپ کی موئی مٹّی کی نشانی ہے۔ تیرے آنے سے میرا کلیجہ ٹھنڈا ہوا۔ جب تجھے دیکھتی ہوں، باغ باغ ہوتی ہوں۔ تو نے مجھے نہال کیا لیکن مردوں کو خدا نے کمانے کے لئے بنایا ہے۔''

یہ مکالمہ کس داستان سے لیا گیا ہے؟

(1) باغ و بہار

(2) فسانۂ عجائب

(3) داستان امیر حمزہ

(4) طلسمِ حیرت

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

48. 'چند ہم عصر' کس کی تصنیف ہے اور اس کا تعلق کس صنف سے ہے؟

(1) مولوی ذکاء اللہ، تاریخ نگاری

(2) مولوی عبدالحق، خاکہ نگاری

(3) محمد حسین آزاد، انشائیہ نگاری

(4) سرسید احمد خاں، سوانح نگاری

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

49. ''مرحوم دہلی کالج'' کس کی تصنیف ہے؟

(1) رشید احمد صدیقی

(2) محمد حسین آزاد

(3) مولوی عبدالحق

(4) سرسید احمد خاں

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

50. 'لندن کی ایک رات' ناول کس ترقی پسند قلم کار کی تصنیف ہے؟

(1) کرشن چندر

(2) علی عباس حسینی

(3) عزیز احمد

(4) سجاد ظہیر

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

51. ''نعیمہ'' کس ناول کا کردار ہے؟

(1) امراؤ جان ادا

(2) گؤدان

(3) فسانۂ آزاد

(4) توبۃ النصوح

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

52. 'دلّی کی چند عجب ہستیاں' کس کے لکھے ہوئے خاکوں کا مجموعہ ہے؟

(1) اشرف صبوحی

(2) مولوی عبدالحق

(3) رشید احمد صدیقی

(4) مرزا فرحت اللہ بیگ

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

53. "یادگارِ غالؔب" کے سوانح نگار ہیں:

(1) حالؔی

(2) شبلؔی

(3) محمد حسین آزاد

(4) چراغ علی

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

54. پریم چند کا اصل نام کیا ہے؟

(1) بسنت رائے

(2) گلاب رائے

(3) ہری ونش رائے

(4) دھنپت رائے

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

55. 'عشاق اور انگریز دو قومیں ایسی ہیں جو نہ تعزیراتِ ہند سے ڈرتی ہیں نہ میونسپلٹی سے۔' یہ بات رشید احمد صدیقی نے اپنے کس مضمون میں لکھی ہے؟

(1) گواہ

(2) کارواں پیدا است

(3) کچھ کا کچھ!

(4) مغالطہ

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

56. فلیکس بوترو دلّی کالج میں کب پرنسپل بنے؟

(1) 1840ء (2) 1841ء

(3) 1845ء (4) 1848ء

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

57. "خنداں" کے مصنف کا نام کیا ہے؟

(1) رشید احمد صدیقی

(2) سلمیٰ صدیقی

(3) مجتبیٰ حسین

(4) مشتاق احمد یوسفی

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

58. رجب علی بیگ سرؔور نے 'فسانۂ عجائب' میں کس شہر کو 'رشکِ گلشنِ جناں، مسکنِ حور و غلماں اور جائے مردم خیز' کہا ہے؟

(1) کانپور (2) رام پور

(3) لکھنؤ (4) دلّی

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

59. ذیل میں سے کون سرسید کے رفقاء میں شامل ہے؟

(1) علامہ اقبالؔ

(2) مولوی محمد علی جوہؔر

(3) نواب محسن الملک

(4) مولانا ابوالکلام آزاد

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

301449

60. رمزیت، اشاریت، تشبیہ و استعارہ اور تہہ داری کی مخالفت کس ترقی پسند ادیب نے کی؟

(1) ممتاز حسین

(2) مجنوں گورکھپوری

(3) علی سردار جعفری

(4) سجاد ظہیر

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

61. حالی کی جائے پیدائش کیا ہے؟

(1) دلّی

(2) لاہور

(3) پانی پت

(4) علی گڑھ

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

62. سرسید نے اپنے مضمون 'بحث و تکرار' میں نامہذب لوگوں کی باہمی تکرار کو کس جانور کی آپسی تکرار کی طرح بتایا ہے؟

(1) بلی

(2) شیر

(3) گدھا

(4) کتّا

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

63. فورٹ ولیم کالج آخری بار کب بند ہوا؟

(1) 1851

(2) 1856

(3) 1857

(4) 1880

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

64. 'انتخاب مضامین سرسید' مرتبہ آلِ احمد سرور میں ذیل میں سے سرسید کا کون سا مضمون شامل ہے؟

(1) تخیّل

(2) چارپائی

(3) زمانے کی ترقی کا نشان

(4) جھینگر کا جنازہ

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

65. شیر علی افسوس نے شیخ سعدی کی فارسی تصنیف 'گلستاں' کا اردو ترجمہ کس نام سے کیا؟

(1) باغِ اردو

(2) گلستانِ اردو

(3) گلشنِ اردو

(4) گلزارِ اردو

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

301449

66. مہدی افادی نے مندرجہ ذیل میں سے کسے اردو لٹریچر کے عناصرِ خمسہ میں شامل کیا ہے؟

(1) مولوی ذکاء اللہ

(2) محسن الملک

(3) مرزا ہادی رسوا

(4) سرسید

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

67. ''تنہا آدمی کی سوچ اس کی انگلی پکڑ کر کشاں کشاں ہر چھوٹی ہوئی شاہراہ اک اک پگڈنڈی گلی کوچے اور چوراہے پر لے جاتی ہے جہاں جہاں راستے بدلتے تھے اب وہاں وہاں کھڑے ہو کر انسان پر منکشف ہوتا ہے کہ در حقیقت راستے نہیں بدلتے انسان خود بدل جاتا ہے۔''

مندرجہ بالا عبارت مشتاق احمد یوسفی کی کون سی کتاب سے لی گئی ہے؟

(1) چراغ تلے (2) آبِ گم

(3) زرگزشت (4) خاکم بدہن

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

68. ''فریدوں'' کس ڈرامے کا کردار ہے؟

(1) یہودی کی لڑکی (2) سلور کنگ

(3) ضحاک (4) انارکلی

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

69. افسانہ ''ان داتا'' کس موضوع پر لکھا گیا ہے؟

(1) فسادات پر

(2) قحطِ بنگال پر

(3) بہار کے سیلاب پر

(4) گجرات کے زلزلے پر

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

70. اخبار ''کوہِ نور'' کے مدیر تھے

(1) مولوی کریم الدین

(2) سکندر آفندی

(3) مولوی محمد باقر

(4) منشی ہر سکھ لال

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

71. ''دلّی کالج'' میں یورپین سائنس کے استاد کون تھے جنہیں ریاضی سے خاص لگاؤ تھا؟

(1) ماسٹر رام چندر

(2) مولوی ذکاء اللہ

(3) امام بخش صہبائی

(4) مولوی کریم اللہ

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

301449

72. ''کتے'' کس کا انشائیہ ہے؟

(1) پطرس بخاری (2) رشید احمد صدیقی

(3) کنہیا لال کپور (4) مجتبیٰ حسین

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

73. ذیل میں سے ''آرائش محفل'' میں کس کا قصہ بیان ہوا ہے؟

(1) لیلیٰ مجنوں (2) حسن و دل

(3) حاتم طائی (4) دیو پری

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

74. ترقی پسندوں نے رسالہ 'نیا ادب' کب اور کس شہر سے جاری کیا؟

(1) 1936ء، علی گڑھ

(2) 1937ء، الٰہ آباد

(3) 1938ء، دہلی

(4) 1939ء، لکھنؤ

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

75. میر بہادر علی حسینی نے میر حسن کی مثنوی 'سحر البیان' کو نثر میں کس نام سے لکھا؟

(1) نثر بے مثال (2) نثر باکمال

(3) سحر البیان منثور (4) نثر بے نظیر

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

76. کرشن چندر کے افسانوی مجموعے 'ان داتا' میں ذیل میں سے کون سا افسانہ شامل ہے؟

(1) بھگت رام (2) غلاظت

(3) پہلی اڑان (4) چڑیا کا غلام

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

77. ''الہلال'' مکمل طور پر کب بند ہوا؟

(1) 1926 (2) 1927

(3) 1928 (4) 1930

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

78. سر سید نے ایم۔اے۔او۔ کالج کب قائم کیا؟

(1) 23 مئی 1877ء

(2) 24 مئی 1877ء

(3) 23 مئی 1875ء

(4) 24 مئی 1875ء

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

79. فورٹ ولیم کالج کیوں قائم کیا گیا؟

(1) کتابوں پر تبصرہ کروانے کے لیے

(2) نووارد انگریز ملازمین کو ہندوستانی سکھانے کے لیے

(3) ہندوستانیوں کو روزگار دینے کے لیے

(4) معاشرے میں تعلیم کے فروغ کے لیے

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

301449

80. درج ذیل داستانوں میں کون سی داستان ایک نابینا بادشاہ کی تصنیف ہے؟

(1) عجائب القصص

(2) قصۂ مہر افروز و دلبر

(3) قصۂ ملک محمد گیتی افروز

(4) بوستانِ خیال

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

81. سبق ''امید کی خوشی'' میں ''پہلا گنہگار انسان'' کسے کہا گیا ہے؟

(1) نوح

(2) آدم

(3) سلیمان

(4) یوسف

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

82. پریم چند کے افسانے 'قاتل کی ماں' میں ونود کی ماں کا نام کیا ہے؟

(1) پرمیشوری

(2) ناگیشوری

(3) رامیشوری

(4) دھرمیشوری

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

83. ''یادگارِ غالب'' کس نوعیت کی کتاب ہے؟

(1) تذکرہ

(2) سوانح

(3) تنقید

(4) خاکہ

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

84. تذکرۂ 'فوائد الدہر' کے مصنف ہیں:

(1) مولوی امام بخش صہبائی

(2) مولوی مملوک علی

(3) مولوی کریم الدین

(4) مولوی سبحان بخش

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

85. 'دہلی ورناکلر ٹرانسلیشن سوسائٹی' کا تعلق کس ادارے سے تھا؟

(1) فورٹ ولیم کالج

(2) سائنٹفک سوسائٹی

(3) دلّی کالج

(4) محمڈن اینگلو اورینٹل کالج

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

301449

86. ذیل میں سے کس ناول کا موضوع تحریکِ آزادی ہے؟

(1) لندن کی ایک رات

(2) میدانِ عمل

(3) شکست

(4) گریز

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

87. کرشن چندر کے تحریر کردہ رپورتاژ 'پودے' میں ترقی پسند تحریک کی کس شہر میں منعقدہ کانفرنس کی روداد بیان کی گئی ہے؟

(1) الٰہ آباد (2) حیدر آباد

(3) لکھنؤ (4) بمبئی

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

88. درست جوڑ کی نشاندہی کیجئے:

(1) برہم پُترا – کرشن چندر

(2) بھگت رام – سعادت حسن منٹو

(3) موذیل – عصمت چغتائی

(4) لحاف – راجندر سنگھ بیدی

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

89. "تاریخ سرکشی بجنور" کس سن میں لکھی گئی؟

(1) 1947 (2) 1914

(3) 1939 (4) 1857

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

90. 'مخزنِ نکات' کس کا لکھا ہوا تذکرہ ہے؟

(1) میر تقی میرؔ

(2) قائم چاندپوری

(3) میر حسن

(4) سید فتح علی گردیزی

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

91. طویل نظم "پرچھائیاں" کے شاعر کا کیا نام ہے؟

(1) مخدومؔ محی الدین

(2) سردار جعفری

(3) ساحرؔ لدھیانوی

(4) مجروحؔ سلطان پوری

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

92. اخبار "آفتابِ ہند" کہاں سے نکلتا تھا؟

(1) کلکتہ

(2) بنارس

(3) لاہور

(4) لکھنؤ

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

301449

**.93** پریم چند کا افسانوی مجموعہ 'واردات' پہلی بار کب شائع ہوا؟

(1) 1936ء (2) 1935ء

(3) 1928ء (4) 1938ء

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**.94** جنگِ آزادی 1857ء میں نئی روح پھونکنے والا اور ہندو اور مسلمانوں کو ایک پرچم تلے جمع کرنے والا اخبار 'پیامِ آزادی' کس کے حکم سے جاری ہوا تھا؟

(1) بہادر شاہ ظفر

(2) مرزا بیدار بخت

(3) مرزا مغل

(4) مرزا ابو بکر

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**.95** عشق و آزادی بہار زیست کا سامان ہے
عشق میری جان، آزادی مرا ایمان ہے
عشق پر کر دوں فدا میں اپنی ساری زندگی
لیکن آزادی پہ میرا عشق بھی قربان ہے

مندرجہ بالا قطعہ کے شاعر ہیں:

(1) جوشؔ (2) فیضؔ

(3) مخدومؔ (4) اخترؔ شیرانی

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**.96** "آؤ آج ہم تم کھیلیں – تم پدانا ہم پدیں گے – تمہارا ایک داؤ ہمارے اوپر ہے – وہ آج لے لو"۔

یہ مکالمہ پریم چند کے کس افسانے سے لیا گیا ہے؟

(1) سوانگ (2) قاتل کی ماں

(3) روشنی (4) گلّی ڈنڈا

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**.97** "اسبابِ بغاوتِ ہند" کا انگریزی میں کس نے ترجمہ کیا؟

(1) کرنل آزمنڈ (2) کرنل گراہم

(3) گارساں دتاسی (4) جان گلکرائسٹ

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**.98** جنگِ آزادی میں اہم کردار نبھانے والے 'دہلی اردو اخبار' کے بانی کون تھے؟

(1) سر سید احمد خاں (2) محمد حسین آزاد

(3) مولوی محمد باقر (4) مولوی اکرام علی

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**.99** نذیر احمد کے ناول 'توبۃ النصوح' سے متعلق کون سا بیان درست ہے؟

(1) یہ نذیر احمد کا پہلا ناول ہے

(2) یہ نذیر احمد کا دوسرا ناول ہے

(3) یہ نذیر احمد کا تیسرا ناول ہے

(4) یہ نذیر احمد کا چوتھا ناول ہے

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

301449 301449 301449

**100.** سر سید احمد خاں نے سائنٹفک سوسائٹی کب اور کس شہر میں قائم کی؟

(1) 1863ء، علی گڑھ

(2) 1862ء، غازی پور

(3) 1861ء، مراد آباد

(4) 1858ء، بجنور

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**101.** "باغ و بہار" کا آغاز روم کے کس شہنشاہ کے قصے سے ہوتا ہے؟

(1) فیروز بخت

(2) آزاد بخت

(3) خرد مند

(4) خواجہ احمد

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**102.** سر ولیم میور کی کتاب "لائف آف محمدؐ" (Life of Mohammed) کا مدلّل جواب سر سید نے کس تصنیف میں دیا؟

(1) اسبابِ بغاوتِ ہند

(2) تاریخ سرکشی بجنور

(3) تفسیر القرآن

(4) خطباتِ احمدیہ

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**103.** ناول گؤدان میں داروغہ نے ہیرا کے گھر کی تلاشی نہیں لینے کے لیے "ہوری" سے کتنے روپے کی رشوت مانگی؟

(1) پچاس روپے

(2) چالیس روپے

(3) ساٹھ روپے

(4) تیس روپے

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**104.** چند روز اور مری جان فقط چند ہی روز
ظلم کی چھاؤں میں دم لینے پہ مجبور ہیں ہم

مندرجہ بالا مصرعے ترقی پسند شاعر فیض کی کس نظم کا حصہ ہیں؟

(1) تنہائی

(2) صبحِ آزادی

(3) تسلّی

(4) شیشوں کا مسیحا کوئی نہیں

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**105.** مرزا قربان علی بیگ سالک کے اس مسدس کا عنوان کیا ہے جس میں انہوں نے 1857ء کے واقعات کو 'قیامتِ صغریٰ' کہا ہے؟

(1) قیامتِ دلی (2) قیامتِ غدر

(3) فغانِ دہلی (4) انقلابِ دہلی

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

301449 301449 301449

**106.** میر امن کی کتاب 'باغ و بہار' کا کردار آزاد بخت کہاں کا بادشاہ ہے؟

(1) یمن (2) چین

(3) بصرہ (4) ملکِ روم

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**107.** "امید کی خوشی" کس کا مضمون ہے؟

(1) سر سیّد (2) حالؔی

(3) شبلؔی (4) ذکاءاللہ

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**108.** پریم چند کا ناول 'گئودان' کتنے ابواب پر مشتمل ہے؟

(1) 35 (2) 32

(3) 36 (4) 34

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**109.** "لطائف ہندی" کس نے مرتّب کی؟

(1) کاظم علی جوان (2) مرزا علی لطف

(3) نہال چند لاہوری (4) للّو لال جی

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**110.** مولانا آزاد کی خود نوشت سوانح حیات کونسی ہے؟

(1) یادوں کی برات (2) تبصرہ

(3) تذکرہ (4) حیات النظیر

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**111.** کس ملک کے سلطان کی بیٹی 'باغ و بہار' کے پہلے درویش کے قصے کی ہیروئن ہے؟

(1) ملکِ بصرہ (2) ملکِ دمشق

(3) ملکِ یمن (4) ملکِ عجم

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**112.** مولانا حسرؔت موہانی کا وہ کون سا رسالہ تھا جس کے پہلے ہی شمارے میں مکمل آزادی کا مطالبہ کیا گیا تھا؟

(1) کامریڈ (2) زمیندار

(3) اردوئے معلّٰی (4) انقلاب

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**113.** مرزا ہادی رسوؔا کا ناول 'امراؤ جان ادا' پہلی بار کب شائع ہوا؟

(1) 1890ء (2) 1898ء

(3) 1895ء (4) 1892ء

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**114.** درج ذیل میں "اودھ پنچ" کے نامہ نگار کون تھے؟

(1) عبدالحلیم شرر

(2) ظفر علی خاں

(3) نواب سیّد محمد آزاد

(4) نیاز فتح پوری

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

301449

115. 'باغ و بہار' میں چوتھا درویش کس ملک کے بادشاہ کا بیٹا ہے؟

(1) ملکِ عجم (2) ملکِ دمشق

(3) چین (4) ملکِ یمن

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

116. "ہفت پیکر" کس نے لکھی؟

(1) نہال چند لاہوری

(2) حیدر بخش حیدری

(3) مرزا علی لطف

(4) بہادر علی حسینی

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

117. ناول 'امراؤ جان ادا' کی ہیروئن امراؤ جان ادا جس ڈاکو کے ساتھ بھاگی تھی اُس کا نام کیا تھا؟

(1) فیض علی (2) بختاور

(3) سلطان (4) اکبر علی خاں

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

118. "گرہن" کس کے افسانوں کا مجموعہ ہے؟

(1) راجندر سنگھ بیدی (2) پریم چند

(3) کرشن چندر (4) منٹو

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

119. نذیر احمد کا ناول 'توبۃ النصوح' نذیر احمد کے کس شہر میں قیام کے دوران شائع ہوا؟

(1) بجنور (2) علی گڑھ

(3) اعظم گڑھ (4) دلّی

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

120. "امیرن" کو اغوا کر کے لکھنؤ لے جانے میں دلاور خان کی مدد کس نے کی تھی؟

(1) اللہ بخش (2) کریم بخش

(3) سلطان بخش (4) پیر بخش

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

121. 'فسانۂ عجائب' کے ہیرو کا نام کیا ہے؟

(1) جان عالم (2) جان جہاں

(3) جان روزگار (4) جان جاناں

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

122. سر سیّد کی تصنیف "جامِ جم" میں کس کا ذکر ملتا ہے؟

(1) مغلوں کا (2) انگریزوں کا

(3) تغلق کا (4) آلِ تیمور کا

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

123. "خانہ جنگی" کس ترقی پسند شاعر کی نظم ہے؟

(1) فیض (2) سردار جعفری

(3) جاں نثار اختر (4) کیفی اعظمی

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

301449

124. "ہوری" کی گائے کا کیا نام تھا؟

(1) سندریا

(2) لیلا

(3) رادھا

(4) سیتا

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

125. جانوروں میں کتّا اور گھوڑا انسان کے سب سے پہلے اور پکے رفیق ہیں۔ یہ قول کس مشہور طنز و مزاح نگار کا ہے؟

(1) رشید احمد صدیقی

(2) ملّا رموزی

(3) مشتاق احمد یوسفی

(4) پطرس بخاری

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

126. داستان کے حوالے سے کلیم الدین احمد کا قول ہے:

(1) داستان کہانی کی مختصر، سادہ اور ہلکی پھلکی صورت ہے۔

(2) داستان کہانی کی طویل، پیچیدہ اور بھاری بھرکم صورت ہے۔

(3) داستان کہانی کی مختصر، آسان اور بھاری بھرکم صورت ہے۔

(4) داستان کہانی کی مختصر، پیچیدہ اور ہلکی پھلکی صورت ہے۔

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

127. سرفروشی کی تمنا اب ہمارے دل میں ہے
دیکھنا ہے زور کتنا بازوئے قاتل میں ہے
مندرجہ بالا مشہور شعر تحریکِ آزادی میں جس جوش اور سرفروشی کی دعوت دیتا ہے، کے شاعر ہیں

(1) اشفاق اللہ خاں (2) احتق پھپھوندوی

(3) جوش ملیح آبادی (4) بسمل عظیم آبادی

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

128. 1857ء کی جنگِ آزادی کی فضا تیار کرنے میں معاون "صادق الاخبار" کس نے جاری کیا؟

(1) سیّد جمیل الدین (2) مولوی محمد باقر

(3) منشی سجاد حسین (4) مُکند لال

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

129. 'سب رس' کس کی تصنیف ہے؟ اور یہ کس بادشاہ کی فرمائش پر لکھی گئی؟

(1) ملّا وجہی کی تصنیف ہے اور سلطان عبداللہ قطب شاہ کی فرمائش پر لکھی گئی۔

(2) غواصی کی تصنیف ہے اور محمد قلی قطب شاہ کی فرمائش پر لکھی گئی۔

(3) فقیر اللہ شاہ حیدر کی تصنیف ہے اور علی عادل شاہ کی فرمائش پر لکھی گئی۔

(4) نواب عیسوی علی خاں کی تصنیف ہے اور محمد شاہ کی فرمائش پر لکھی گئی۔

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

301449

**130.** مشتاق احمد یوسفی نے اپنے مضمون 'حویلی' میں کس کے خسر کا خاکہ پیش کیا ہے؟

(1) حیامت علی فاروقی

(2) عنایت علی فاروقی

(3) بشارت علی فاروقی

(4) صداق علی فاروقی

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**131.** نہ کسی کی آنکھ کا نور ہوں نہ کسی کے دل کا قرار ہوں
جو کسی کے کام نہ آسکے میں وہ ایک مُشتِ غبار ہوں

مندرجہ بالا شعر کس کا ہے؟

(1) جوش ملیح آبادی

(2) بہادر شاہ ظفر

(3) منیر شکوہ آبادی

(4) داغ دہلوی

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**132.** منٹو کے افسانے 'کالی شلوار' کی طوائف سلطانہ دہلی آکر تین ماہ میں کتنے روپے کما پاتی ہے؟

(1) بیس روپے

(2) ساڑھے اٹھارہ روپے

(3) تین سو روپے

(4) پانچ سو روپے

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**133.** "نقوشِ زنداں" کس کے خطوط کا مجموعہ ہے؟

(1) جاں نثار اختر (2) ابوالکلام آزاد

(3) مہدی افادی (4) سجاد ظہیر

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**134.** داستان "باغ و بہار" میں حاتم طائی کا قصہ ہے

(1) سیر پہلے درویش میں

(2) سیر دوسرے درویش میں

(3) سیر تیسرے درویش میں

(4) سیر چوتھے درویش میں

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**135.** 'حاجی صاحب جس خلوص سے شعر کہتے ہیں اس سے زیادہ مہنگے بِسکٹ بیچتے ہیں۔' رشید احمد صدیقی کے مضمون 'حاجی صاحب' میں حاجی صاحب سے متعلق یہ بیان کس کا ہے؟

(1) مولانا سہیل

(2) مولانا شوکت علی

(3) رشید احمد

(4) مولانا مسعود علی

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**136.** "بال و پر" کس کے انشائیوں کا مجموعہ ہے؟

(1) شوکت تھانوی (2) شفیق الرحمٰن

(3) کنہیالال کپور (4) عظیم بیگ چغتائی

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

137. للولال جی کا تعلق کس ادارے سے تھا؟

(1) دلّی کالج

(2) فورٹ ولیم کالج

(3) دارالترجمہ عثمانیہ حیدر آباد

(4) سائینٹفک سوسائٹی

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

138. مضامین رشید میں رشید احمد صدیقی نے اپنے مضمون میں کس کھیت کا ذکر کیا ہے؟

(1) باجرے کا کھیت (2) چاول کا کھیت

(3) ارہر کا کھیت (4) گیہوں کا کھیت

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

139. رتن ناتھ سرشار "اودھ پنچ" سے علاحدہ ہو کر کس اخبار کے ایڈیٹر بن گئے تھے؟

(1) اودھ اخبار (2) کوہِ نور

(3) طلسمِ لکھنؤ (4) سحر سامری

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

140. درج ذیل انشائیہ نگاروں میں کس کا وطنِ اصل راجستھان ہے؟

(1) رشید احمد صدیقی

(2) مرزا فرحت اللہ بیگ

(3) مشتاق احمد یوسفی

(4) پطرس بخاری

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

141. پتھر کی مورتوں میں سمجھا ہے تو خدا ہے
خاکِ وطن کا مجھ کو ہر ذرہ دیوتا ہے
درج بالا شعر اقبال کی کس نظم کا ہے؟

(1) غلاموں کی نماز (2) نیا شوالہ

(3) ترانۂ ہندی (4) تصویرِ درد

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

142. تذکرہ "گلشنِ بے خار" کے تذکرہ نگار کون ہیں؟

(1) نواب مصطفٰی خاں شیفتہ

(2) میر حسن

(3) مصحفی

(4) صہبائی

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

143. "لاؤڈ اسپیکر" کس کے خاکوں کا مجموعہ ہے؟

(1) بیدی (2) عصمت چغتائی

(3) کرشن چندر (4) منٹو

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

144. ترقی پسند تحریک کی پہلی کل ہند کانفرنس کب ہوئی؟

(1) اپریل 1936ء (2) اپریل 1935ء

(3) مئی 1936ء (4) مئی 1935ء

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

301449

145. رتن ناتھ سرشار نے اپنا ناول 'فسانہ آزاد' کس اخبار میں قسط وار شائع کیا؟

(1) انسٹی ٹیوٹ گزٹ میں

(2) اودھ اخبار میں

(3) اودھ پنچ میں

(4) دہلی اردو اخبار میں

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

146. مولانا ابوالکلام آزاد کے خطوط کے مجموعے 'غبارِ خاطر' کے خطوط ذیل میں سے کس کے نام لکھے گئے؟

(1) مختلف مشاہیر کے نام

(2) مولانا ابوالکلام آزاد کی بیوی کے نام

(3) حبیب الرحمان خاں شیروانی کے نام

(4) حسرت موہانی کے نام

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

147. سر سید کے رفقاء میں سے "تاریخ ہندوستان" کو دس جلدوں میں کس نے لکھا؟

(1) ذکاء اللہ

(2) شبلی

(3) حالی

(4) نذیر احمد

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

148. ذیل میں تخلیق اور تخلیق کار کا نام درج ہے۔ صحیح جوڑ کی نشاندہی کیجئے:

(1) شیخ پیرو — سجاد انصاری

(2) مجھے میرے دوستوں سے بچاؤ — پطرس

(3) مرحوم کی یاد میں — رشید احمد صدیقی

(4) آبِ گُم — مشتاق احمد یوسفی

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

149. عابد حسین کا ڈرامہ 'پردۂ غفلت' پہلی بار کہاں سے اور کب شائع ہوا؟

(1) دہلی سے 1924ء

(2) برلن (جرمنی) سے 1925ء

(3) بمبئی سے 1926ء

(4) انگلینڈ سے 1927ء

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

150. غالب شناسی کی سمت میں پہلا قدم کسے کہا جاتا ہے؟

(1) یادگارِ غالب

(2) ارمغانِ غالب

(3) غالب شخص اور شاعر

(4) غالب شاعر اور مکتوب نگار

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

301449 301449 301449

1

रफ कार्य के लिए स्थान / SPACE FOR ROUGH WORK

301449

301449

301449

58